© rasailojaraid.com

**دینی مدارس کی روایات اور نصاب کی خصوصیات** | جناب پروفیسر سید محمد سلیم

ناشر: ادارہ تعلیمی تحقیق - ۸- اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور - طباعتی معیار بہت اچھا۔
قیمت: -/۹ روپے

۶۶ صفحے کی اس کتاب میں اتنی معلومات ہیں کہ ان کا سرسری سا تعارف کرانا بھی مشکل۔ دورِ نبوت میں دینی تعلیم کا اہتمام اور اس کی توسیع کا اجمالی ذکر کرنے کے بعد پہلی دوسری صدی ہجری کی تعلیمی ونصابی پیشرفت کا بیان، پھر چوتھی صدی ہجری (معتزلہ، فلاسفہ اور قرامطہ کے عروج کا دور) کی تفصیل۔ دورِ بنوامیہ میں خارجیوں کے فتنے کے اثرات تعلیم عقائد پر۔ سقوطِ بغداد کے بعد تاتاری دور میں نصاب جدید میں علومِ دینی وعقلی کا اضافہ۔ پھر برصغیر میں کمپنی کی حکومت کے دور سے لے کر مغلوں کے عہد تک، نیز ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد علی گڑھ اور دیوبند کی دو تعلیمی اسکیموں پر کام کا آغاز۔ فارسی نصاب کا خصوصی ذکر۔ اصولِ تدریس اور کتب تدریس کا بیان۔ مغربی علوم کی آمد۔ انگریزی حکومت کی اسلام دشمن روش۔ ان مباحث سے نکل کر دینی نصاب کی تمام کتابوں کا انڈکس اور ساتھ ہی ہر مضمون کے لیے جماعت وار تقسیمِ اوقات اور مقدارِ درس۔

تعلیم اور خصوصاً دینی تعلیم سے تعلق رکھنے والے یا اس سلسلے میں مطالعہ وتحقیق کرنے والے حضرات ضرور پڑھیں۔

---

**سورۂ فاتحہ — نظامِ تعلیم کی اساس** | جناب پروفیسر سید محمد سلیم - ناشر: ادارہ تعلیمی تحقیق

تنظیم اساتذہ، پاکستان - ۸- اے ذیلدار پارک، اچھرہ - لاہور - قیمت: ۲/۵۰ روپے

سورۂ فاتحہ اسلامی تعلیم وہدایت کا چونکہ ایک خلاصہ ہے - اور اشارۃً اس میں ضروریات دین بیان ہوگئی ہیں - اس لیے اس کی ہدایت سے سید صاحب نے بجا طور پر تعلیم وتدریس کے لیے رہنمائی اخذ کی ہے - اس پمفلٹ سے ان کا فہمِ قرآن اور ان کے ذوقِ تعلیم کی ژرف نگاہی سامنے آتی ہے۔

---

© rasailojaraid.com